لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

# Rampur State Gazette.

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ | مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۱ شعبان سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء | جلد ۳۴

فہرست مضامین

| نمبر شمار | خلاصۂ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | نسبت اجازت تیاری کار ہائے متفرق بکارخانہ جات | ۱و۲ |
| ۲ | رخصت ڈاکٹر شفاخانہ سوار | ۲ |
| ۳ | " منصرم عدالت ججی | " |
| ۴ | " اہلمد عدالت فوجداری | " |
| ۵ | ہدایات تیاری اسٹیمیٹ | " |
| ۶ | نقشہ نرخنامہ اجناس | ضمیمہ |

### حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۸ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میر ساماں

جناب عالی

پیشگاہ حضور پر نور سے عرضداشت سابق منیجر صاحب فیکٹری پر حکم عام ہو چکا ہے کہ سامان کی تیاریاں متعلقہ کارخانہ جات فیکٹری سے ہوا کریں۔ اسکا علمدرآمد

اب زبانی صاحب سکرٹیری بہادر صنعت و حرفت نے ترقی خواہ سے ذکر کیا کہ صاحب موصوف فیکٹری میں متفرق چھوٹے کام ہونا ناپسند نہیں کرتے۔ بڑے بڑے کام زیادہ رقموں کے فیکٹری میں ہونگے متفرق چھوٹے کام کارخانہ جات اپنے اہتمام سے بنوائیں۔ چونکہ یہی تیاری پر جواب کارخانجات میں ہوگی تو آڈٹ سے اعتراض ہوگا۔ لہذا باادب عرض ہے کہ پیشگاہ عالی سے انکی اجازت و منظوری فرمائی جائے تاکہ محل اعتراض جاتا رہے۔

دولت جاوید باد

## ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

### رخصت

یکم اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

حسب معروضہ صاحب ہوم سکرٹیری بہادر۔ رخصت رعایتی یکماہ ڈاکٹر محمد بخش متعینہ شفاخانہ سوار بضرورت روانگی وطن منظور فرمائی گئی۔

## ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹیری بہادر

### رخصت

۴ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

حسب تحریر صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر۔ رخصت یکماہ منشی محمد حسن منصرم عدالت ججی ۸ اپریل سنہ حال سے نصف تنخواہ پر بغرض معالجہ منظور کی گئی۔ ایام رخصت میں ترتیب بند سوالات صیغہ فوجداری کا کام ایڈیشنل بنگرانی پیشکار اور باقی کام منصرم ججی کا منصرم نقول کرینگے۔

۴ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رائے صاحب مجسٹریٹ ضلع۔ رخصت بیس یوم جمیل احمد اہلمد عدالت فوجداری ضلع بذمہ داری چمن لال اہلمد عدالت مذکورہ ۸ اپریل سنہ حال سے بضرورت معالجہ منظور ہوئی۔

## روبکار اجلاس صاحب سکرٹیری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

واقع ۱۳ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

آئندہ کے سہولت کار کی نظر سے اور اسٹیمیٹوں کی لونا پیری سے تضیع وقت بچانے کی ضرورت ہے۔ حسب ذیل ہدایات تیاری اسٹیمیٹ کے متعلق جاری کیجاتی ہیں جو اسٹیمیٹ ان ہدایتوں کے خلاف تیار کئے جائینگے وہ قبول نہ کئے جائینگے۔

(۱) مختصر گر جامع رپورٹ اسٹیمیٹ کی ضرورت اور خصوصیات کو واضح کرتے ہوئے اسٹیمیٹ کے ساتھ آنا چاہئیے۔ (۲) نقشہ جات مکمل ہوں جنسے ہر پیمایش واضح طور پر معلوم ہوسکے اور ایپرسال کی سمت دکھائی جائے۔ پیمایش کرانے والے اور نقشہ کھینچنے والے کے دستخطوں اور تاریخوں کے علاوہ صاحب علاقہ اور صاحب ایگزیکٹیو انجینیر بہادر یا منیجر صاحب بہادر کے دستخط مع تاریخ نقشہ پر ہوں۔ اور نہیں سے اسٹیمیٹ بنایا جائے۔

(۳) نرخوں کی تشریح ہمیشہ ساتھ ہو اور ڈھلائی کا فاصلہ اگر یابی کا الاؤنس ہو تو یابی کا فاصلہ ٹھیکہ دار کا منافع سب اس تشریح میں درج ہو۔ مثلاً ایک فرضی تشریح منسلک کیجاتی ہے۔

(۴) اسٹیمیٹ بھی مکمل اور مشرح ہو جس سے صاف ظاہر ہوسکے کہ کس نوا کس روا کس گز کا ناپ اسمین درج ہے۔ اور اسٹیمیٹ پر کمپوٹر اور صاحب ایگزیکٹیو انجینیر بہادر یا منیجر صاحب بہادر کے دستخط مع تاریخ ہوں۔ جس سے ان صاحبان کے توجہ اور ذمہداری اس اسٹیمیٹ کی تیاری میں واضح رہے۔ (۵) ایک فہرست کاغذات و نقشہ جات شمولہ اسٹیمیٹ کے اس تحریر کے ساتھ ہو جسکی معرفت یہ اسٹیمیٹ بھیجا جاتا ہے۔

ایک ایک نقل محکمہ جات متعلقہ و پلنڈ ہنگ وغیرہ کو بھیجی جاوے اور یہ روبکار برائے اطلاع عام گزٹ کیا جاوے۔ حکم ہوا کہ صدر سے احکام جاری ہوں۔

نقل فرضی تشریح نرخ

نرخ کنکریٹ — روڑہ ۱۰۰ سوفٹ بحساب ہستانگ نرخ [illegible] فی سوفٹ ........ [illegible]

ڈھلائی روڑہ ۱۰۰ سوفٹ فاصلہ ۲ میل بحساب [illegible] فی سوفٹ ........ [illegible]

توڑائی روڑا ۱۰۰ سوفٹ بحساب [illegible] فی سوفٹ ........ [illegible]

چونا ۲۶ فٹ بحساب [illegible] فی سوفٹ ........ [illegible]

سرخی ۱۰ فٹ بحساب [illegible] فی سوفٹ ........ [illegible]

کٹائی کنکریٹ مع چھنہ بندی صفائی وغیرہ وغیرہ بحساب [illegible] فی سوفٹ ........ [illegible]

پانی دو فرلانگ فاصلہ بحساب [illegible] فی سوفٹ کنکریٹ ........ [illegible]

کل اصل نرخ [illegible]

| | | |
|---|---|---|
| (اسمین ہستانگ کا روڑا | [illegible] | ) |
| ایضاً | چونا | [illegible] |
| | سرخی | [illegible] |

باقی خرچہ ٹھیکہ دار [illegible]

منافع ٹھیکہ دار بحساب [illegible] سیکڑا [illegible]

[illegible]

نوٹ — ہستانگ کا مال سرکاری ہے اور کل ٹھیکہ دار کو نفع نہیں لینا ہے اسلئے اصل نرخ سند میں شمار ہو کر کل ٹھیکہ دار کو ہستانگ کی قیمت دیا جائیگا ... اسٹیمیٹ کاٹ لئے جائینگے جو ... ہے۔

# نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدا ۳ اپریل لغایت ۹ اپریل سنہ ۱۹۴۳

| نام جنس | صدر تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۵ ۱ر | | ۰۵ ۱ر | ۵ ۱ر | | ۰۵ ۱ر | |
| نخود خالص | ۷ ۱ر | | ۰۷ ۱ر | ۸ ۱ر | | ۰۷ ۱ر | |
| نخود کستہ آمیز | ۸ ۱ر | | ۰۶ ۱ر | ۰۵ ۱ر | | ۵ ۱ر | |
| کستہ | ۰۸ ۱ر | | ۰۶ ۱ر | ۰۹ ۱ر | | ۰۸ ۱ر | |
| ماش | ۰۵ ۱ر | | ۰۵ ۱ر | ۴ ۱ر | | ۰۵ ۱ر | |
| مونگ | ۵ ۱ر | | ۵ ۱ر | ۵ ۱ر | | ۵ ۱ر | |
| مکا | ۰۵ ۱ر | | ۶ ۱ر | ۰۵ ۱ر | | ۶ ۱ر | |
| جئی | ۰ | | ۱۰ ۱ر | ۰ | | ۹ ۱ر | |
| گوجئی | ۰ | | ۰ | ۰ | | ۷ ۱ر | |
| عدس | ۸ ۱ر | | ۹ ۱ر | ۰۸ ۱ر | | ۷ ۱ر | |
| ارہر | ۰ | | ۰ | ۰ | | ۹ ۱ر | |
| برنج | ۰۴ ۱ر | | ۳ ۱ر | ۴ ۱ر | | ۴ ۱ر | |
| روغن زرد | -/۱۱ ۱ر | | ۶ چھٹانک | ۰ ۱ر | | -/۱۱ ۱ر | |
| روغن سیاہ | ۰۱ ۱ر | | ۰۱ ۱ر | ۱ ۱ر | | ۰۱ ۱ر | |
| روغن کنجد | ۱۱ ۱ر | | ۰۱ ۱ر | ۱ ۱ر | | ۱ ۱ر | |
| نمک سانبھر | ۰۸ ۱ر | | ۷ ۱ر | ۱۰ ۱ر | | ۸ ۱ر | |
| نمک لاہوری | ۶ ۱ر | | ۵ ۱ر | ۵ ۱ر | | ۷ ۱ر | |
| قند سیاہ | ۳ ۱ر | | ۰۳ ۱ر | ۳ ۱ر | | ۳ ۱ر | |
| بانس جرہ | ۶ ۱ر | | ۰ | ۶۰ ۱ر | | ۰ | |